

**پلاسٹک اور کین کا کوڑا کیسے باہر رکھا جائے؟**

فراہم کردہ پیلے رنگ کے تھیلوں / شاپرز میں، یا خود سے خریدے گئے ایسے شاپرز جن کی گنجائش 120 لیٹر ہو، اور ان میں ڈالا گیا کوڑا کرکٹ باہر سے نظر آتا ہو۔

**ڈبوں کے چوری ہو جانے یا ٹوٹ جانے یا خراب ہو جانے کی صورت میں کیا کیا جائے؟**

اس صورت میں آن لائن ویب سائٹ پر موجود ایک حلفی بیان کا فارم نکال کر اسے پُر کریں اس فارم کو پُر کرنے کے بعد جب بلدیہ کا عملہ نئے ڈبے دینے آئے تو انہیں یہ فارم جمع کروا دیں۔

www.clarambiente.it/contatti/modulistica/ –( Dichiarazione Sostituzione di atto di notorietà)

**ڈبے کب اور کہاں واپس جمع کروائے جائیں؟**

اگر آپ گھر تبدیل کرتے ہیں اور اپنا بل بند کروا دیتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ آپ کوڑا ڈالنے والے ڈبوں کو کلارا کے دفتر پورتو انفورما جا کہ پیاتسا جی ویردی نمبر 22 CLARA portoinforma, Piazza G.Verdi 22. پر واقع ہے۔ ہر منگل کو صبح 9 سے 12 بجے تک کھلا ہوتا ہے۔ میں جا کر ان ڈبوں کو جمع کروا دیں۔




**شیشے کی بوتلوں اور ڈبیوں کو کیسے ضائع کیا جائے؟**

شہر کی گلیوں میں فراہم کردہ سبز رنگ کے بڑے ڈبوں میں ڈال دیں

**33) بھاری کوڑے کرکٹ کو کیسے ضائع کیا جائے؟**

via Montecuccoli بلدیہ انتظامیہ سینٹر ویا مونتے کُوکولی میں جمع کروایا جا سکتا ہے، یا پھر ہمارے متعلقہ نمبر 881133-800 پر کال کر کے گھر سے کوڑا لے جانے کی بُکنگ کروائی جا سکتی ہے۔ بصورت دیگر یہ اپائنٹمنٹ آن لائن بنائے گئے پلیٹ فارم پر بھی بُک کی جا سکتی ہے۔www.clarambiente.it



**استعمال شدہ کپڑوں کو کہاں ضائع کیا جائے؟**

شہر کی چند گلیوں میں موجود پیلے رنگ کے ہومانا کے ڈبوں میں پھینک سکتے ہیں۔





# کلارا

## کوڑا کرکٹ جمع کرنے والے مظبوط پلاسٹک کے ڈبوں کی تقسیم، اور پہلے سے موجود زیر استعمال ڈبوں پر مائکروچِپ کا نصاب

معزز صارف،

ہم کوڑا کرکٹ جمع کرنے کے لیے نئے مظبوط پلاسٹک کے ڈبے فراہم کر رہے ہیں

بطورِ خاص مندرجہ ذیل کی فراہمی کی جائے گی:

- ☆ گرے / سرمئی رنگ کا ڈبہ۔ ایسا کوڑا جو ری سائیکل نہیں ہو سکتا
- ☆ نیلے رنگ کے ڈھکن کے ساتھ پہیوں والا ڈبہ، کاغذ اور گتے کو جمع کرنے کے لیے
- ☆ سبز رنگ کے ڈھکن کے ساتھ پہیوں والا ڈبہ۔ سبزے یعنی گھاس پھوس، درختوں کی ٹہنیوں کے لیے
- ☆ اس کے علاوہ آپ کے پاس پہلے سے زیر استعمال کچن کے کوڑے کے لیے موجود ڈبے پر مائکروچِپ کا نصاب

شاپرز کی جگہ نئے ڈبوں کا استعمال فوری شروع کر دیں۔ جیسے ہی کوڑا ڈالنے والے ڈبوں کی تقسیم کا مرحلہ مکمل ہو گا، اس کے بعد شاپرز میں جمع کیا گیا کوڑا نہیں اٹھایا جائے گا، (سوائے پلاسٹک اور کین کے)۔ ڈبوں کے باہر رکھا گیا کوڑا کرکٹ بھی نہیں اٹھایا جائے گا۔

اس کاغذ کی دوسری سائیڈ پر کوڑے والے ڈبوں کو صحیح طریقے سے استعاک کرنے کی تمام معلومات موجود ہیں۔ برائے مہربانی انہیں احتیاط سے پڑھیں۔

اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کو یاد دہانی کرانا چاہتے ہیں کہ بلدیہ انتظامیہ سروس میں اپنا اندراج کروانے کی پابندی ہے۔ اور اگر ابھی تک آپ نے ایسا نہیں کیا تو آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارے متعلقہ سروس نمبر 800-881133 پر رابطہ کر کے اپائنٹمنٹ کی بکنگ کروا کر اپنا اندراج کروائیں۔





نیک تمنائیں،

کلارا



**گھر گھر کوڑا کرکٹ جمع کرنے والے ڈبے خریدنے پڑیں گے؟**

نہیں، صارفین / آپ کو یہ ڈبے مفت دیئے جا رہے ہیں۔ اور یہ کہ ان فراہم کردہ ڈبوں کو صرف کوڑا کرکٹ ڈالنے کے لیے استعمال کیا جائے، نئے ڈبوں کی فراہمی آپ کے بل میں کسی قسم کا اضافہ یا تبدیلی نہیں کرے گا۔



**ڈبوں کو سنبھالنے کی ذمہ داری کس کی ہے؟**

صارف / آپ کی، جس کا فرض ہے کہ وہ انہیں صاف اور جراثیم سے پاک رکھے۔

**کوڑے کے ڈبوں کو کب باہر رکھنا ہو گا تا کہ بلدیہ کا عملہ آ کر انہیں خالی کرے؟**

صرف کیلینڈر میں بتائے گئے دنوں اور اوقات کار میں، اس کے علاوہ صارفین / آپ کا فرض ہے کہ ڈبے خالی ہو جانے کے بعد انہیں گھر میں واپس لے جائیں، کوڑے کے ڈبوں کو مقرر کردہ دنوں اور اوقات کار کے

**اگر کوڑے کے ڈبے کو خالی کرنے کے لیے بلدیہ کا عملہ نہ آئے تو اس صورت میں کیا کرنا چاہیے؟**

کوڑا جمع کرنے والا عملہ صبح اور شام دو ٹائم آ سکتا ہے۔ اگر کیلینڈر کے مطابق بتائے گئے دنوں میں، گھر سے باہر رکھا گیا کوڑے کا ڈبہ بلدیہ کے عملے کی جانب سے خالی نہیں کیا گیا، تو اس صورت میں صارف / آپ کو چاہیے کہ وہ اگلے ہی دن متعلقہ نمبر 800-881133 پر کوڑا نہ لے کے جانے کی شکایت جمع کروائے۔

**ری سائیکل نہ ہونے والے کوڑے اور کچن کے کوڑے کے ڈبوں کو کیسے باہر رکھا جائے؟**

کوڑے والے ڈبے کا ڈھکن کھلا چھوڑ کر نہ باہر رکھنا منع ہے کوڑا کرکٹ ڈبے میں ڈالنے کے علاوہ شاپرز میں ڈال کر ڈبوں کے اوپر یا سائیڈ پر رکھنا بھی منع ہے عملہ صرف اس کوڑے کو اٹھائے گا جو کہ صحیح طریقے سے کوڑے کے ڈبوں میں ڈالا گیا ہو گا، کوڑے والے ڈبوں سے باہر رکھا گیا کوڑا کرکٹ کسی بھی صورت میں نہیں اٹھایا جائے گا۔





**درختوں کی کٹی ہوئی شاخیں اور گھاس پھوس کو کیسے باہر رکھا جائے؟**

گھاس پھوس اور درختوں کی شاخوں کو ڈھیلے انداز میں سبز ڈبے کے اندر ڈالا جائے، اس کے علاوہ اگر کوڑا زیادہ ہے تو ڈبے سے باہر بھی رکھ سکتے ہیں، ہر شفٹ میں عملہ صرف 4 چار بنڈلز یا شاپرز اٹھائے گا۔ اگر کوڑا اس سے زیادہ ہو تو بہتر ہے کہ خود جا کر کوڑا جمع کرنے والے سروس سنٹر ویا مونتے کوکولی میں جمع کروا آئیں (اس سنٹر کے دن اور اوقات کار اس ویب سائٹ پر موجود ہیں www.clarambiente.it)

**کاغذ اور گتے کے ڈبوں کو کیسے باہر رکھا جائے؟**

نیلے رنگ کے پہیوں والے ڈبے میں جس کی گنجائش 120 لیٹر ہے، اس ڈبے کو استعمال کرنے کی پابندی نہیں، کاغذ اور گتے، کو کسی بھی گتے کے بڑے یا چھوٹے ڈبے، یا کاغذی شاپر میں ڈال کر بھی باہر رکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی قابل واپسی ڈبے استعمال کرنا ممکن نہیں ہو گا۔ (لکڑی یا پلاسٹک کے ڈبے، بالٹیاں، یا ٹب وغیرہ)۔



## کلارا

کوڑا کرکٹ جمع کرنے والے مظبوط پلاسٹک کے ڈبوں کی تقسیم، اور پہلے سے موجود زیر استعمال ڈبوں پر مائکروچِپ کا نصاب



www.clarambiente.it